www.ogdcl.com - www.ogdcl.com -www.ogdcl.com -www.ogdcl.com -www.ogdcl.com -www.ogdcl.com -www.ogdcl.com -www.ogdcl.com -www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com -www.ogdcl.com -www.ogdcl.com -www.ogdcl.com -www.ogdcl.com -www.ogdcl.com -www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com

نوٹس برائے 12واں غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کا12واں غیر معمولی اجلاس عام مورخہ 19 جولائی ،2021 ءبروز پیر بوقت 09:30 بجے ،اسلام آباد میں بذریعہ ویڈیو لنک درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہو گا:

خصوصی کارروائی

۱. ابوظہبی بڈ راؤنڈ 2019 ،جس میں آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل)، پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل)، ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ (ایم پی سی ایل) اور گورنمنٹ ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (جی ایچ پی ایل) کے کنسورشیم نے بولی پیش کی تھی، کے سلسلے میں پیش کردہ بلاکس میں سے ایک پر پٹرولیم کی تلاش وپیداوار کے مقصد کیلئے مجوزہ وابستہ کمپنی کے قیام کی خاطر ایکویٹی انویسٹمنٹ کی منظوری اور اجازت پر غوروخوض ،اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کمپنیزایکٹ 2017 کی شق199 کے مطابق سپیشل ریزولوشن(خصوصی قوائد) کے طوراور طریقہ کے مطابق درج ذیل قوائد (ریزولوشن) کی منظوری :

"قرارداد کہ، کمپنی ابو ظہبی بڈ راؤنڈ 2019 میں پیش کردہ بلاکس میں سے ایک پر پٹرولیم کی تلاش اور پیداوار کے مقاصد کے لئے ابوظہبی گلوبل مارکیٹ یا پاکستان میں پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ،ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ اور گورنمنٹ ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ مل کر ایک کمپنی (« نئی کمپنی ») قائم کرنے کا اختیار رکھتی ہے ،اور یہ کہ کمپنی اس مجوزہ نئی کمپنی کے 25 فیصد تک حصص کے حصول کیلئے متعلقہ کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن (بمطابق اطلاق) داخلے اور خریداری کی مجاز ہے۔

۲. مجوزہ نئی کمپنی کے حصص میں ایکویٹی انویسٹمنٹ کی منظوری کیلئے غوروخوض اوراگر مناسب سمجھا جائے تو کمپنیزایکٹ 2017 کی شق199 کے مطابق سپیشل ریزولوشن(خصوصی قوائد) کے طوراور طریقہ کے مطابق درج ذیل قوائد (ریزولوشن) کی منظوری:

" قرارداد کہ ابوظہبی بڈراؤنڈ2019 میں کنسورشیم کی جانب سے جمع کرائی گئی بولی کے سلسلے میں مجوزہ نئی کمپنی کے قیام اور بلاک کی تفویض پر کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 199 کو کمپنیز(انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یاایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز)ریگولیشنز 2017 کے ساتھ ملا کر پڑھنے کے تحت کمپنی ممبران کا تعین اورشیئرہولڈرز کو ظاہر کردہ شرائط وضوابط کے مطابق پٹرولیم کی تلاش اورپیداوار کے حوالے سے کنسورشیم ممبران کی جانب سے مجموعی طورپر کی جانے والی 400 ملین امریکی ڈالر کی رقم میں سے مجوزہ نئی کمپنی کے حصے کے طور پر 100 ملین امریکی ڈالر کی ایکویٹی انویسٹمنٹ کی منظوری۔

۳. سپیشل ریزولوشن(خصوصی قوائد)،بنام، کمپنیزایکٹ 2017 کی شق199 کے مطابق کمپنی کے تلاش وپیداوار کے مرحلہ پر ابوظہبی نیشنل آئل کمپنی (ADNOC) اور سپریم کونسل برائے فنانشل اینڈ اکنامک افیئرز(SCFEA)کے حق میں جوائنٹ و دیگربنیاد پر کارپوریٹ گارنٹی کے اجراء کے اختیار کی منظوری کیلئے غوروخوض اوراگر مناسب سمجھا جائے تو درج ذیل قوائد (ریزولوشن) کی منظوری:

" قرارداد کہ مجوزہ نئی کمپنی کے قیام اوربلاک کی تفویض پر حصہ داران کوبیان کردہ شرائط وضوابط کے مطابق اوردرج ذیل خصوصیات کے ساتھ کانسیشن دستاویزات کے تحت مجوزہ نئی کمپنی کی ذمہ داریوں کے حوالے سے ابوظہبی نیشنل آئل کمپنی (ADNOC) اور سپریم کونسل برائے فنانشل اینڈ اکنامک افیئرز(SCFEA) کے حق میں مشترکہ اوردیگر متعدد بنیاد پرکارپوریٹ گارنٹی کے اجراء کیلئے کمپنیزایکٹ،2017 کی شق 199 کو کمپنیز(انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیزیاایسوسی ایٹڈانڈرٹیکنگز) ریگولیشنز 2017 کے ساتھ ملا کر پڑھنے کے تحت کمپنی ممبران کی منظوری۔

کارپوریٹ گارنٹیوں کی نمایاں خصوصیات:

- کمپنی کی جانب سے کارپوریٹ گارنٹیاں SCFEA اور ADNOC (مستحقین) کے حق میں جاری کی جائیں گی۔
- شرائط کے تحت، کمپنی بطورذمہ داربرائے مستحقین نئی کمپنی کے دستخط کردہ معاہدے کے تحت مراعاتی علاقہ میں نئی کمپنی کی تلاش وپیداوار کی ذمہ داریوں کی ضامن ہو گی۔
- کمپنی کی جانب سے تلاش وپیدوار کی ذمہ داریوں کے حوالے سے بالترتیب دو کارپوریٹ گارنٹیاں بحق مستحقین جاری کی جائیں گی۔
- اگر دستاویزات کے تحت نئی کمپنی اپنی ادائیگیوں کی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہتی ہے تو، مستحقین کی مانگ (ڈیمانڈ) پر پانچ (05) کاروباری دن کے اندر ادائیگی کی پابند ہو گی ۔
- کارپوریٹ گارنٹیاں جاری نوعیت کی ہو ں گی اور نئی کمپنی کی جانب سے تمام ذمہ داریوں کی تکمیل تک قابل عمل رہیں گی ۔
- کنسورشیم کے باقی ممبران بھی مذکورہ بالا خصوصیات کے ساتھ مشترکہ اور متعدد بنیادوں پر ، علیحدہ سے ، مستحقین کو کارپوریٹ گارنٹیاں جاری کریں گے ۔

۴. کمپنی کی جانب سے تلاش وپیدوار کے مرحلہ کیلئے نئی کمپنی، پی پی ایل،ایم پی سی ایل اور جی ایچ پی ایل کے حق میں حصص داران کے تحفظ کی ضمانت کے اجراء پر غور وخوض ،اور اگر مناسب سمجھا جائے تو سپیشل ریزولوشن(خصوصی قوائد)،بنام، کمپنیزایکٹ 2017 کی شق199 کے مطابق اورطریقہ کارکے تحت درج ذیل قوائد کی منظوری:

" قرارداد کہ مجوزہ نئی کمپنی کے قیام اوربلاک کی تفویض پر حصہ داران کوبیان کردہ شرائط وضوابط اوردرج ذیل خصوصیات کے ساتھ کانسیشن دستاویزات کے مطابق مجوزہ نئی کمپنی یا حصہ داروں کی ذمہ داریوں سے متعلق نئی کمپنی میں سرمایہ کاری کے تناسب سے اس نئی کمپنی، پی پی ایل،ایم پی سی ایل اورجی ایچ پی ایل کے حق میں شیئرپروٹیکشن گارنٹی کے اجراء کیلئے کمپنیز ایکٹ ،2017 کی شق 199 کے تحت کمپنی ممبران کی منظوری۔

شیئرہولڈرزپروٹیکشن گارنٹی کی نمایاں خصوصیات:

- مجوزہ نئی کمپنی کا ہر شیئرہولڈر نئی کمپنی اوراسکے دیگرحصہ داران کے مفاد میں شیئرہولڈرزپروٹیکشن گارنٹی جاری کرے گا۔
- حصص داران کی تحفظاتی ضمانت (شیئرہولڈرزپروٹیکشن گارنٹی) مجوزہ نئی کمپنی کے کسی بھی حصص دار کی جانب سے کانسیشن دستاویزات کے تحت لاگو ذمہ داریوں یاواجبات سے متعلق ہو گی۔
- شیئرہولڈرزپروٹیکشن گارنٹی پر عمل درآمد کامقصد کسی شیئرہولڈر یامجوزہ نئی کمپنی اور SCFEA/ADNOC کے مابین وقتاًفوقتاًطے پانے والے کسی بھی قسم کے معاہدوں یا انتظامات کا ان کی شرائط کے مطابق قابل عمل ہو جانے پرکانسیشن دستاویزات کے تحت مجوزہ نئی کمپنی اور ہرشیئرہولڈر کو اپنی ذمہ داریوں کا پابند بنانا اورمناسب کارکردگی کویقینی بنانا ہے ۔

۵. نئی کمپنی کو کانسیشن دستاویزات کے تحت ادائیگی کے حوالے سے بینک اکاؤنٹ کھلوانے میں مشکل یا دشواری یا مقررہ تاریخ کو پانے میں تاخیر کا سامنا ہو توADNOC کو کمپنی کے حصہ تناسب کے لحاظ سے فیس کی براہ راست ادائیگی کیلئے غوروخوص، اور اگر مناسب سمجھاجائے تو ایسی ادائیگی کے حوالے سے سپیشل ریزولوشن(خصوصی قوائد)،بنام، کمپنیزایکٹ 2017 کی شق199 کے مطابق اورطریقہ کارکے تحت درج ذیل قوائد کی منظوری:

"قرارداد کہ مجوزہ نئی کمپنی کے قیام اوربلاک کی تفویض پر نئی کمپنی کو کانسیشن دستاویزات کے تحت ادائیگی کے حوالے سے بینک اکاؤنٹ کھلوانے میں مشکل یا دشواری یا مقررہ تاریخ کوپانے میں تاخیر کا سامنا ہو توADNOC کو کمپنی کے حصہ تناسب کے لحاظ سے فیس کی براہ راست ادائیگی کے قابل بنانے کیلئے کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق199 کے مطابق کمپنی ممبران کی منظوری(تقرری) ،بشرطیکہ ADNOC کو اس قسم کی براہ راست ادائیگی کی رقم کمپنی کی ایکویٹی انویسٹمنٹ کے حصہ تناسب کے لحاظ سے کم ہو۔

غیر معمولی اجلاس عام میں زیر غور لائے جانے والے مذکورہ بالا خصوصی امورسے متعلق کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ا انڈر ٹیکنگز (اداروں)میں سرمایہ کاری) کی ریگولیشنز ، 2017 کے تحت درکار معلومات اور کمپنیز ایکٹ ، 2017 کے سیکشن(3) 134 کے مطابق بیان اجلاس کے نوٹس کے ساتھ منسلک کرکے ممبران کو بھیجا جا رہا ہے۔

بحکم بورڈ
(احمد حیات لک)
کمپنی سیکریٹری

اسلام آباد بتاریخ :25 جون،2021

نوٹ:

1. اجلاس میں شرکت کے لئے ویڈیو لنک کی سہولت

موجودہ وبائی صورتحال اور ممبران کی سلامتی اوربہتری کے پیش نظر کمپنی غیر معمولی اجلاس عام کا انعقاد روایتی طرز پر (فزیکل) نہیں کرے گی۔ کمپنی نے ممبران کے لئے ویڈیو لنک کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے انتظامات کیے ہیں۔ خواہشمند ممبران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ غیرمعمولی اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو لنک حاضری ، شرکت اور ووٹنگ کے لئے اپنی درج ذیل معلومات ہمارے ای میل: eogm2021@ogdcl.com پر16 جولائی 2021 بروزجمعہ کاروبار کے اختتام تک ارسال کرکے اندراج کرالیں ۔ معلومات بذریعہ کوریئرارسال کیے جانے کی صورت میں زیادہ سے زیادہ جمعہ ، 16 جولائی 2021 ء کو کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو پہنچ جانی چاہئیں ۔

مکمل نام	کمپیوٹرائزقومی شناختی کارڈ نمبر	فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	ای میل ایڈریس	موبائل نمبر

کمپنی سکریٹری، آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ
ہیڈ آفس ، جناح ایوینیو ، بلیو ایریا،اسلام آباد
ٹیلی فون:051-9200233 06 ، ای میل: eogm2021@ogdcl.com

اجلاس میں شرکت کی خاطراندراج (رجسٹر)کرانے اوراس مقصد کیلئے اپنے ای میل فراہم کرنے والے ممبران کو ہی ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات ای میل کی جائیں گی ۔

۲. غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت

اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل کوئی بھی ممبراپنی جگہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے کسی شخص / نمائندہ کی بطور پراکسی تقرری کر سکتا ہے۔ نمائندگی کے عمل کو موثر بنانے کیلئے دستخط اور مہر شدہ پراکسی کو اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانا چاہیے۔

۳. سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو درج ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہو گا۔

الف) اجلاس میں شرکت

انفرادی حیثیت سے، ایک اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا ایسافرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد و ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی جاچکی ہیں ، ایسے افراد کو اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کی تصدیق کیلئے اپنا اصل شناختی کارڈ یاپاسپورٹ دکھانا ہو گا۔
کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز ریزولوشن(ضوابط) / مختارنامہ مع نامزد فرد کا نمونہ دستخط فراہم کرنا ہو گا(بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)

ب۔ پراکسی(نمائندہ) کی تقرری

i) انفرادی حیثیت سے،ایک اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا ایسافرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد و ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی جاچکی ہیں ، کو پراکسی فارم درج بالا شرائط کے مطابق جمع کرواناہو گا۔

ii) پراکسی فارم پر دو گواہان کے دستخط ہونگے جن کے نام ، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں ۔

iii) پراکسی فارم کے ساتھ مالکان اور پراکسی(نمائندوں)کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کرنا ہوں گی۔

iv) اجلاس کے وقت پراکسی (نمائندہ) کواپنااصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ دیکھانا ہو گا۔

v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز ریزولوشن (ضوابط) / پاور آف اٹارنی(مختارنامہ) اور کارپوریٹ ادارے کی جانب سے ووٹ اور نمائندگی کیلئے نامزد فرد کا نمونہ دستخط فراہم کرنا ہو گا (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

۴۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 13 جولائی 2021 سے 19 جولائی 2021 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گے اوراس عرصہ میں حصص (شیئرز)کی منتقلی کی کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔ صرف وہی افراد اجلاس میں شرکت، حاضری اوروٹ کے حقدار قرار پائیں گے جن کے نام کمپنی ممبران کے رجسٹر میں 12 جولائی 2021 تک درج ہوجائیں ۔

کمپنیزایکٹ،2017کی شق (3) 134 کے تحت بیان

اس بیان میں آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 19 جولائی 2021 بروزپیر کی خصوصی کارروائی کی انجام دہی سے متعلق عملی حقائق کا تعین کیا گیا ہے۔ 2019 میں ، کمپنی نے پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ ،ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈاور گورنمنٹ ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (جو اجتماعی لحاظ سے «کنسورشیم») کے ساتھ مل کر ابوظہبی میں تیل کی تلاش وپیداوار کیلئے مخصوص غیرترقی شدہ حصے («بلاک») پر ابو ظہبی نیشنل آئل کمپنی(ADNOC) کے ذریعے اماراتی حکومت کی جانب سے ابو ظہبی کی پیش کردہ بولی میں حصہ لیا۔
اس کے بعد ، وفاقی کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی)سے منظوری لی گئی ، جس کوای سی سی نے منظور کیااور پھر وفاقی کابینہ نے اس کی توثیق کی۔مذکورہ منظوریاں مل جانے پر ، کمپنی نے کنسورشیم پارٹنرز کے ساتھ مل کر 31 دسمبر 2019 کو بولی ADNOC کو جمع کروائی۔
ابوظہبی 2019 بلاک بڈ راؤنڈ کی بولی ہدایات کی روشنی میں کنسورشیم کو ایک خصوصی عمل کار(نئی کمپنی) کے قیام کی ضرورت تاکہ ایک ماڈل کانسیشن معاہدے کو عمل میں لایا جائے **بشرطیکہ متعلقہ بلاک کنسورشیم کو تفویض کردیا جائے۔** ہر کنسورشیم ممبر مجوزہ نئی کمپنی میں 25 فیصد کا حصہ دار ہو گا۔**وضاحت کی جاتی ہے کہ یہ تفویض یا اجراء ایس سی ایف ای اے کی جانب سے کی جائے گی،اور تاحال اس حوالے سے کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔نئی کمپنی کا قیام بلاک کی تفویض کیلئے پیشگی شرائط کی اہلیت میں سے ایک ہے اور بلاک کنورشیم کو تفویض نہ کیے جانے کی صورت میں نئی کمپنی کو تحلیل کردیا جائے گا۔** مزید برآں ، مجوزہ نئی کمپنی کے ہر حصص دار کو انٹرنیشنل کمپنی لیٹر ،ایکسپلوریشن کانسیشن ایگریمنٹ، اپے ڈی این او سی ایکسپلوریشن سول رسک ایگریمنٹ،رازداری ایگریمنٹ،کے علاوہ ADNOC اور SCFEA کے لئے ایک بنیادی ذمہ دار کے طور پر علاقے کے اندر پٹرولیم کی تلاش و تشخیص کے سلسلے میں نئی کمپنی کے دستخط کردہ کسی بھی دیگر معاہدے کے تحت مجوزہ نئی کمپنی کی تمام ذمہ داریوں کی انجام دہی کے حوالے سے اپنی موجودہ کمپنی کی گارنٹی فراہم کرنا ہو گی۔
بولی راؤنڈ کا نتائج کا انتظار ہے۔ ADNOC کی جانب سے کنسورشیم کو بلاک دیے جانے کی صورت میں ، کنسورشیم سے کہا جائے گا کہ وہ مقررہ تاریخ کے مطابق کانسیشن دستاویزات کو عمل میں لائے ۔لہذا،کنسورشیم کو نئی کمپنی کے قیام اور منظوری کے حوالے سے تیار رہنے کی ضرورت ہے تاکہ کنسورشیم کو کانسیشن دستاویزات پر عمل درآمد کے حوالے سے کہا جاسکے۔تاہم،نئی کمپنی کے قیام کیلئے درکار ابتدائی فیس کے علاوہ کسی بھی قسم کی ایکویٹی انویسٹمنٹ کانسیشن دستاویزات پر دستخط کے بعد قابل عمل ہوگی۔
کانسیشن دستاویزات کو دو گروپس میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ ایکسپلوریشن کانسیشن ایگریمنٹ کے ساتھ ساتھ ذیلی معاہدے بشمول ایکسپلوریشن کانفیڈینشیلٹی ایگریمنٹ ،پیرینٹ(موجودہ) کمپنی گارنٹی (تلاش کی ذمہ داریوں پر مبنی کارپوریٹ گارنٹی) اور ایکسپلوریشن سول رسک ایگریمنٹ پہلے مرحلے میں شامل ہے ۔ جہاں ایکسپلوریشن کی سرگرمیاں کامیاب ہوگئیں اور ایکسپلوریشن کانسیشن ایگریمنٹ کی شرائط پر اطمینان طریقے سے زیر عمل لائی گئیں تونئی کمپنی پروڈکشن کانسیشن ایگریمنٹ اور دیگر ذیلی معاہدوں بشمول اے ڈی این او سی پروڈکشن سول رسک ایگریمنٹ، کانفیڈینشیالٹی ایگریمنٹ،پیرینٹ کمپنی گارنٹی(پیداواری ذمہ داریوں پر مبنی کارپوریٹ گارنٹی) آپریٹنگ ایگریمنٹ،گیس اینڈ لیکویڈ ڈیلیوری ایگریمنٹ، جوائنٹ کولابوریشن اینڈ سیکنڈمنٹ ایگریمنٹ،ماسٹر ٹیکنالوجی ایگریمنٹ،اے ڈی این او سی ٹیکنکل سپورٹ ایگریمنٹ، ADNOC او پی سی او ٹیکنیکل سپورٹ ایگریمنٹ، نئی کمپنی او پی سی او ٹیکنیکل سپورٹ ایگریمنٹ، ADNOC مین پاورسپلائی ایگریمنٹ اور نئی کمپنی مین پاور سپلائی ایگریمنٹ میں داخل ہونے کا اختیار حاصل ہو گا۔
ہرکنسورشیم پارٹنر نئی کمپنی میں 25% شیئرکا حامل ہو گا۔ نئی کمپنی (05) سال کی مدت میں 400 ملین امریکی ڈالر تک کی سرمایہ کاری کرے گی جبکہ اوجی ڈی سی ایل کا حصہ 100 ملین امریکی ڈالر ہے۔کانسیشن نئی کمپنی کو اختیار دے گی کہ وہ بلاک میں 35 سال تک پٹرولیم کی سرگرمیاں جاری رکھ سکے۔ڈویلپمنٹ فیز کے دوران کنسورشیم کی لاگت اور پیداواری شیئر 40 فیصد تک رہے گا کیونکہ اے ڈی این او سی 60 فیصد کے ساتھ بطورشراکت دار معاہدے میں شامل ہوسکتی ہے۔توقع کے مطابق تجارتی پیداوار کے آغاز کے بعد یہ پروجیکٹ ناصرف اپنی سرگرمیاں جاری رکھنے کے قابل ہوجائے گا بلکہ حصص داروں کے لئے منافع بخش بھی ثابت ہو گا۔کانسیشن نئی کمپنی کے شراکتی مفادات کے مطابق کمپنی کو بلاک سے حاصل شدہ خام تیل کا حق ملکیت دے گا۔تاہم، نئی کمپنی ابوظہبی بلاک سے حاصل شدہ کسی بھی گیس،کانڈنسیٹ اورقدرتی مائع گیس(این ایل جی ز)کی ملکیت کا حق نہی رکھے گا۔جبکہ،یہ نان ایسوسی ایٹڈ گیس،کانڈینسیٹ اور ایل این جی زکی ڈیلیوری پر نئی کمپنی کے شراکتی حقوق کے مطابق فیس کی حقدار ہو گی۔
کنسورشیم کیلئے کم از کم یقین دہانی میں متعین اخراجات(فیس)، سمک کانٹریبیوشن اورطے شدہ ایکسپلوریشن اوراپریزل ویلز کے علاوہ 9 سال سے زائد پر محیط ایکسپلوریشن اینڈ اپریزل شامل ہے۔ پہلے پانچ سالوں کیلئے متعین اخراجات 400 ملین امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری پر مبنی ہیں،جبکہ آئندہ سالوں کیلئے مالی اعانت پیداواری مرحلے کے دوران کیش فلو سے منسلک ہے۔
نئی کمپنی کی ذمہ داریوں کی گارنٹی کے حوالے سے،ہر کنسورشیم پارٹنرز بشمول کمپنی کو ایس سی ایف ای اے اور اے ڈی این او سی (حقداران) کے حق میں علیحدہ سے آئیڈینٹیکل کارپوریٹ گارنٹی ہو گی۔ کمپنی کو وصول کنندہ کیلئے بطوراہم ذمہ دار نئی کمپنی کے دستخط کردہ کسی معاہدے کے تحت کانسیشن ایریا میں تلاش وپیداوار کی ذمہ داریوں کی ضمانت فراہم کرنا ہو گی۔یہاں دو کارپوریٹ گارنٹیاں ہوگی،جن میں سے ہر ایک بالترتیب تلاش وپیداوار کے حوالے سے ہوگی، جوکہ کمپنی وصول کنندہ کیلئے جاری کرے گی۔اگر کمپنی کانسیشن دستاویزات کے مطابق ادائیگی کی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہتی ہے تو کمپنی وصول کنندہ کی جانب سے طلب کیے جانے پر بطور ذمہ دار متعلقہ رقم کی ادائیگی پانچ کاروباری ایام کے اندر کرنے کی ضمانت فراہم کرے گی۔کارپوریٹ گارنٹی (ضمانت) مسلسل نوعیت کی ہوگی جوکہ نئی کمپنی کی جانب سے ذمہ داریوں کی اطمینان بخش تکمیل تک جاری رہے گی۔پیرینٹ (موجودہ) کمپنی گارنٹی کے تحت ہر کنسورشیم پارٹنر کی متعدد ذمہ داریوں کے پیش نظرہر کنسورشیم پارٹنرنئی کمپنی اورہردیگر کنسورشیم پارٹنر کو شیئرہولڈرزپروٹیکشن گارنٹی دے گا تاکہ کانسیشن دستاویزات کے تحت ایک دوسرے کے شیئر کی ذمہ داری کی ضمانت فراہم کی جاسکے۔

کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں یا ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز ، 2017 کے ضابطہ نمبر 3 اور 4 کے تحت معلومات		
ابوظہبی میں تلاش ، جائزے اور ڈویلپمنٹ سرگرمیوں کے لئے قائم کردہ نئی کمپنی میں ایکویٹی انویسٹمنٹ		
a)	تمام قسم کی سرمایہ کاری کا انکشاف / اعلان:	
(A)	ایسوسی ایٹڈ کمپنی سے متعلق انکشاف / اعلان	
(i)	ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ کا نام	نئی کمپنی کے مجوزہ نام: ۱. پاکستان انٹرنیشنل آئل کمپنی ۲. پاک نفٹ عربیہ ۳. پاک نفٹ انٹرنیشنل
(ii)	تعلق کی بنیاد(نوعیت)	ایسوسی ایٹڈ کمپنی
(iii)	پچھلے تین سالوں میں فی شیئر آمدن / نقصان	قابل اطلاق نہیں ، کمپنی تاحال قائم نہیں ہوئی
(iv)	آخری آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹ کی بنیاد پر ، فی شیئر بریک اپ ویلیو	قابل اطلاق نہیں
(v)	مالی حیثیت ، بشمول اس کے حالیہ مالی حسابات کی بنیاد پر مالی صلاحیت اور نفع و نقصان کے بیانات	قابل اطلاق نہیں
(vi)	مزید معلومات (ایسوسی ایٹڈ کمپنی یاایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ کے ایسے منصوبے میں سرمایہ کاری جن پر کام کاآغاز نہیں ہوا)	
	(I) منصوبے کے تصوروتشکیل پر مبنی معلومات	چار کمپنیوں پر مشتمل کنسورشیم۔ او جی ڈی سی ایل ، پی پی ایل ، ایم پی سی ایل ، اور جی ایچ پی ایل نے ابو ظہبی بڈ راؤنڈ 2019 میں پیش کردہ بلاکس میں سے ایک کے لئے بولی جمع کروائی۔ بلاک تفویض ہونے کی صورت میں ، یہ تیل اور گیس کے ممکنہ وسائل کی تلاش ، جائزے اور ترقی کا ایک موقع ثابت ہو گا۔ بلاک کی تفویض کے لئے پیش کی گئی شرائط کے طور پر ، کنسورشیم ایک نئی کمپنی کے قیام کا پابند ہے۔ کنسورشیم کا ہر شراکت دار نئی کمپنی میں 25 فیصد ایکویٹی کا حصہ دار ہو گا۔
	(II) کام کے آغاز کی تاریخ اور متوقع تاریخ تکمیل	بلاک کنسورشیم کو تفویض ہونے کی صورت میں ، 2021 کی تیسری سہ ماہی میں آغاز کی توقع ہے ۔ کل عرصہ عمل 35 سال ہے جس میں عرصہ تلاش بھی شامل ہے۔
	(III) منصوبے کے تجارتی سطح پر آغاز کا وقت	بلاک مخصوص تلاش وجائزے کے مواقعوں کا حامل ہے۔ممکنہ طورپر بلاک اپنے آغاز کے پانچویں سال کام کرنا شروع کردے گا۔
	(IV) منصوبے میں سرمایہ کاری پر آمدن کے حوالے سے متوقع مدت	توقع کی جارہی ہے کہ اس منصوبے سے پانچویں سال کے آخر تک مزید تلاش ، تشخیص ، تیل و گیس کے وسائل کی ترقی اوردوبارہ سرمایہ کاری اور منافع کے لئے فنڈز کی فراہمی شروع ہوجائے گی۔
	(V) پروموٹرز،سپانسرز،ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ کی جانب سے کی گئی یا ہونے والی سرمایہ کاری کیش یا نان کیش کی صورت ہو گی	کنسورشیم نے تلاش اور جائزہ کے مرحلے کے دوران کم سے کم ذمہ داریوں اور اخراجات کے وعدوں کے ساتھ بولی لگائی ۔ان کم ازکم ذمہ داریوں میں پہلے پانچ سال کے اخراجات 400 ملین امریکی ڈالر کے تحت پورے ہوتے ہیں(جن میں سے ایک کنسورشیم پارٹنر 100 ملین امریکی ڈالر کی فراہمی کا پابند ہو گا)۔بعد کے عرصہ میں فنڈ کی ضرورت پیداواری سرگرمیوں کے نتیجے میں حاصل کیش فلو کے ذریعے پورا کی جائے گی۔
(B) عمومی انکشافات / اعلانات:		
(i)	زیادہ سے زیادہ کی جانے والی سرمایہ کاری	نئی کمپنی میں اپنے شیئر کے مطابق ہر کمپنی پہلے پانچ سال کیلئے 100 ملین امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی۔جس کے بعد ممکنہ طورپر منصوبہ خود فنڈ جنریٹ کرنے کے قابل ہوجائے گا۔ کانسیشن دستاویزات کے تحت نئی کمپنی کی ذمہ داریاں نبھانے کی خاطر کمپنی اور دیگر کنسورشیم ممبران ایس سی ایف ای اے اور اے ڈی این او سی کو پیرینٹ کمپنی گارنٹی فراہم کریں گے۔ پیرینٹ کمپنی گارنٹی کے تحت ہر کنسورشیم ممبر کی متعدد ذمہ داریوں کے پیش نظرہر کنسورشیم ممبر نئی کمپنی کو شیئرہولڈرز پروٹیکشن گارنٹی فراہمی کرے گاتاکہ کانسیشن دستاویزات کے تحت ایک دوسرے کی ذمہ داریوں کی ضمانت دی جاسکے۔
(ii)	سرمایہ کار کمپنی اور اس کے ممبران کواس قسم کی سرمایہ کاری اور سرمایہ کاری کی مدت سے حاصل مقصد ، فوائد	نئی کمپنی کو منتخب کردہ بلاک میں زیادہ سے زیادہ 35 سال تک پٹرولیم سرگرمیوں کی اجازت ہو گی۔ جائزہ پروگرام کے ذریعہ دریافت کی تصدیق کے بعد ، تیل اور گیس کے وسائل کو ترقی دی جائے گی ، جس پر ADNOC حصہ کے مطابق سابق لاگت کی ادائیگی کے بعد 60 فیصد حصص کی حد تک خریداری کر سکتی ہے۔ بلاک سے حاصل خام تیل کی ملکیت نئی کمپنی کو اس کے حصہ کی مناسبت سے ہو گی ۔نئی کمپنی اپنے مفاد کے مطابق نان ایسوسی ایٹڈ گیس، کانڈینسیٹ اور این جی ایل کی ڈیلیوری فیس کا حقدار ہو گا۔
(iii)	سرمایہ کاری کے لئے استعمال ہونے والے فنڈز کے ذرائع اور قرض پر حاصل کردہ فنڈز کا استعمال کرتے ہوئے کس جگہ سرمایہ کاری کرنی ہے:	نئی کمپنی میں سرمایہ کاری کمپنی کے پاس دستیاب فنڈز کے مطابق کی جائے گی
	(I) ادھار کے ذریعہ سرمایہ کاری کا جواز	N/A
	(II) ایسے فنڈز کے حصول کے لیے فراہم کردہ کولیٹرل گارنٹیز اورگروی شدہ اثاثوں کی تفصیل	N/A
	(III) لاگت پرفائدے کا تجزیہ	N/A
(iv)	مجوزہ سرمایہ کاری کے حوالے سے ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ (ادارے)کے ساتھ معاہدوں کی نمایاں خصوصیات ،اگر کوئی ہوں،	کمپنی نے دوسرے کنسورشیم ممبروں کے ساتھ شیئر ہولڈرز کا معاہدہ کیا ہے جو پی پی ایل کے ساتھ مل کر نئی کمپنی کے آپریٹنگ امور کو بطور مینجمنٹ شیئر ہولڈر / آپریٹر چلاتا ہے۔ شیئرہولڈرز ایگریمنٹ کے مطابق نئی کمپنی، کمپنی ڈیڈ آف ایڈہیرنس پر دستخط کرے گی جس کے بعد یہ شیئرہولڈرز ایگریمنٹ کی فریق بن جائے گی۔
(v)	کسی ایسوسی ایٹڈ کمپنی یاادارے یازیرغور لین دین کے عمل میں ڈائریکٹرز ، سپانسرز ، اکثریتی حصص داران(شیئرہولڈرز) اور ان کے رشتہ داروں کا براہ راست یا بالواسطہ کوئی مفاد ، اگر کوئی ہو،	اوجی ڈی سی ایل کے کسی بھی ڈائریکٹر ، سپانسر ، اکثریتی حصص دار اور ان کے رشتہ داروں کا نئی کمپنی میں کوئی مفادپوشیدہ نہیں ، ماسوائے یہ کہ کمپنی اس نئی کمپنی کے بورڈ میں موجوداپنے نامزد ڈائریکٹرز اورمینجنگ ڈائریکٹر کے ذریعے 25 فیصد شیئر زخریدے گا
(vi)	اگر متعلقہ کمپنی میں یا اس سے وابستہ کام میں کوئی سرمایہ کاری پہلے ہی ہوچکی